(306)(Urdu)اردو

ٹیوٹر مارکڈ اسائینمنٹ

سینئر سیکنڈری کورس

20

نوٹ : تمام سوالات لازمی ہیں؛ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیئے گئے ہیں۔

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے ۔

(الف) افسانوی اور غیر افسانوی ادب میں کیا فرق ہے؟ (L.N. 1) 2

یا

(ب) پوس کی رات ''افسانے''میں کس معاشرے پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ (L.N. 3)

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے ۔

(الف) عصمت چغتائی کے طرز بیان پر روشنی ڈالیے۔ (L.N. 4) 2

یا

(ب) ڈراما ''دروازے کھول دو''میں کون سا کردار آپ کو پسند ہے اور کیوں؟ (L.N. 6)

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے ۔ (L.N. 10) 2

(الف) سبق ''امید کی خوشی''میں مصنف نے تعین کی اکلوتی بیٹی اور ایمان کی خوبصورت بیٹی کسے کہا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

یا

(ب) ''اردو غزل کا ارتقاء''پر اپنے الفاظ میں روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے ۔ (L.N. 21) 4

(الف) نظم کی دیگر اصناف کا جائزہ لیجیے اور اس میں کون سی اصناف شامل ہیں؟

(ب) حسرت کی شاعرانہ خوبیوں اور فن کے اسلوب پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کسی ایک متن کی وضاحت 100 سے 150 الفاظ میں کیجیے۔ (L.N. 28) 4

ہلکی ہلکی پھوار کے دوران میں
دفعتاً سورج جو بے پردہ ہوا
میں نے یہ جانا کہ وحشت میں کوئی
روتے روتے کھلکھلا کر ہنس پڑا

(i) مندرجہ بالا قطعہ کا مطلب لکھیے ۔

(ii) دو قطعہ گو شعرا کا نام لکھیے ۔

(iii) اپنی پسند کا ایک قطعہ لکھیے ۔

(iv) قطعہ اور غزل میں فرق واضح کیجیے۔

یا

صحرا میں زمان و مکاں کے کھوجاتی ہیں
صدیوں بیدار رہ کے سو جاتی ہیں
اکثر سوچا کیا ہوں خلوت میں فراق
تہذیبیں کیوں غروب ہوجاتی ہیں

(i) مندرجہ بالا رباعی کا مطلب اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

(ii) اپنی پسند کی ایک رباعی لکھیے ۔

(iii) رباعی کی تعریف بیان کیجیے۔

(iv) دو رباعی گو شعرا کے نام لکھیے ۔

سوال نمبر 6: پروجیکٹ ورک۔ (L.N. 6) 6

(الف) اداریہ کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں کہ اداریہ لکھنے کے کتنے مراحل ہیں؟ اور اخبار اور رسائل کے اداریہ میں فرق بھی بتائیں۔
(L.N.31)

یا

(ب) میر تقی میر کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟ اردو غزل میں میر تقی میر کا کیا مقام ہے؟ میر کے تین ہم عصروں کے نام لکھیے ۔
(L.N.17)